No. 8118

9/مارچ 1978ء

مخدومی المحترم! السلام علیکم و رحمۃ اللہ

لاہور میں پندرہ دن گزار کر میں واپس اسلام آباد آ گیا میں نے آپ کو اس مرتبہ بڑی زحمت دی۔ مگر ایک دو دن میں میرا بہت سارا کام نبٹ گیا۔ اب آئیندہ آپکے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق میں آپ کو سوالات بھیجتا رہوں گا آپ تکلیف کر کے انکے جوابات ارسال فرماتے رہیں۔ میرے سوالات کا ایک کاغذ پہلے ہی آپ کی میز پر ہے۔ اس کا جواب بھی ارسال فرمائیے۔ آج کا سوال یہ ہے کہ " قیام لاہور " پر روشنی ڈالئیے۔ مولانا کب لاہور آئے۔ کتنے دن یہاں رہے کہاں ٹھہرے کس کس سے کیا کیا پڑھا۔ اس دور کے کچھ واقعات، کچھ روایات جو آپ نے سنیں ہوں۔

اس مرتبہ لاہور میں خالد مسعود صاحب سے انکے گھر سمن آباد جا کر ملاقات کی۔ انکے پاس بھی کچھ نہیں ملا۔ مرید کے جاوید صاحب کے پاس بھی گیا۔ انکے پاس اجزائے تفسیر میں سے ایک جُز بھی نہیں تھا۔ بعض عربی رسالے تھے جو میرے پاس پہلے سے موجود ہیں۔ اسلئے ان سے میں نے کوئی چیز نہیں لی۔

مسودات کو ایک نظر دیکھنے کا کام باقی ہے۔ اب کبھی لاہور جانے کا پروگرام بنائیں تو مجھے اطلاع دیں میں پہنچنے کی کوشش کروں گا۔

والسلام

( شرف الدین اصلاحی )

بخدمت گرامی جناب مولانا امین احسن اصلاحی
رحمن آباد۔ <u>ضلع شیخوپورہ</u>

Issued
M.A.
9/3/78